تبصرہ کتب

تبصرہ نگار--ن-ر

تحفة القاری بحل صحيح البخاري : تالیف: مولانا محمد یوسف مدنی۔ **ناشر:** مکتبۃ الشیخ 445/3 بہادر آباد، کراچی 5۔ **سائز:** 20×30/8۔ **صفحات:** 504۔ **قیمت:** درج نہیں۔

زیر تبصرہ کتاب صحیح بخاری جلد دوم (نصاب بنات) کی شرح ہے، یہ اس کی دوسری جلد ہے۔ جو کتاب بدء الخلق او کتاب الانبیاء کے اکہتر ابواب کی احادیث کی شرح پر مشتمل ہے۔ اس شرح کی پہلی جلد پر اس کالم میں تبصرہ آچکا ہے، شرر کا اسلوب مدرسانہ اور عام فہم ہے۔ بہت سے پیچیدہ تحقیقی حدیثی مباحث کو بالکل آسان الفاظ وتعبیرات میں بیان کیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ شرح بنات کے علاوہ بنین کے لئے بھی یکساں مفید اور اہم ہے۔ جا بجا حوالہ جات کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ ہر حدیث کے ضبط کے بعد اس کا ترجمہ، ترجمۃ الباب کا مقصد، مشکل و مغلق مفردات وجمل کی وضاحت، حدیث پر وارد ہونے والے اعتراضات کے شافی جوابات، حدیث کے حل کے لئے شارحین بخاری کی بہترین توجیہات اور دیگر بیش بہا فوائد.....غرض کسی حوالے سے کوئی تشنگی نہیں رہنے دی گئی ہے۔ البتہ حدیث کا متن اگر کسی بیروتی نسخے سے اسکین کرلیا جائے اور عربی عبارات میں قواعد املاء وترقیم کا بھی اہتمام کردیا جائے تو سونے پر سہاگہ ہوجائے گا۔ امید ہے اگلے ایڈیشن اور مجلدات میں اس کا اہتمام کیا جائے گا۔ کتاب کی طباعت، کمپوزنگ، سیٹنگ وغیرہ مناسب ہے۔

اختلاف ائمہ اور حدیث نبوی : تالیف: شیخ محمد عوامہ، ترجمہ: مولانا علاء الدین جمال۔ **ناشر:** زمزم پبلشرز کراچی۔ **سائز:** 23×36/16۔ **صفحات:** 240۔ **قیمت:** سادہ ایڈیشن: 160، اعلیٰ ایڈیشن: 280۔

شیخ محمد عوامہ عالم عرب کے انتہائی مشہور محقق عالم اور محدث ہیں، انہوں نے ماضی قریب کے نامور اور بلند پایہ محدث شیخ عبد الفتاح ابو غدہ رحمۃ اللہ علیہ سے شرف تلمذ حاصل کیا ہے۔ قرآن، حدیث، فقہ اور اصول فقہ میں ان کو قابل رشک مہارت حاصل ہے۔ اب تک وہ کئی گراں قدر کتب لکھ کر داد تحقیق وصول کرچکے ہیں۔ زیر نظر کتاب بھی ان کی تالیف "أثر الحديث